# NATIONAL ASSEMBLY SECRETARIAT

## ORDERS OF THE DAY

for the meeting of the National Assembly to be held on Monday, the 11th May, 2026 at 5:00 p.m.

**1.** *Tilawat, Hadith, Naat* and national anthem.

### QUESTIONS

**2.** Questions entered in a separate list to be asked and answers given.

### CALLING ATTENTION NOTICE

**3.** **MR. IBRAR AHMAD** **MR. ANJUM AQEEL KHAN**
**MALIK SHAKIR BASHIR AWAN** to invite attention of the Minister for Federal Education and Professional Training, to a matter of urgent public importance regarding 26 million out of school children across the country, causing grave concern amongst the public.

### PRESENTATION OF REPORTS OF THE STANDING COMMITTEES

**4.** **SYED NAVEED QAMAR,** Chairman Standing Committee on Finance and Revenue, to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill to provide for the enforcement of netting rights and collateral arrangements [The Netting of Financial Arrangements Bill, 2026], till today be condoned.

**5.** **SYED NAVEED QAMAR,** Chairman Standing Committee on Finance and Revenue, to present the report of the Standing Committee on the Bill to provide for the enforcement of netting rights and collateral arrangements [The Netting of Financial Arrangements Bill, 2026].

**6.** **SYED NAVEED QAMAR,** Chairman Standing Committee on Finance and Revenue, to move that the delay in the presentation of the report of the Standing Committee on the Bill to amend the Export-Import Bank of Pakistan Act, 2022 [The Export-Import Bank of Pakistan (Amendment) Bill, 2026], till today be condoned.

**7.** **SYED NAVEED QAMAR,** Chairman Standing Committee on Finance and Revenue, to present the report of the Standing Committee on the Bill to amend the Export-Import Bank of Pakistan Act, 2022 [The Export-Import Bank of Pakistan (Amendment) Bill, 2026].

**8.** **SYED NAVEED QAMAR,** Chairman Standing Committee on Finance and Revenue, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Fiscal Responsibility and Debt Limitation Act, 2005 [The Fiscal Responsibility and Debt Limitation (Amendment) Bill, 2026].

**9.** **SYED NAVEED QAMAR,** Chairman Standing Committee on Finance and Revenue, to present the report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Special Economic Zones Act, 2012 [The Special Economic Zones (Amendment) Bill, 2026].

**MOTION**

**10. MR. QAISER AHMED SHEIKH,** Minister for Board of Investment, to move under rule 288 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 2007 that the requirement of sub-rule (2) of rule 123 of the said rules be suspended in order to take into consideration the Special Economic Zones (Amendment) Bill, 2026.

**LEGISLATIVE BUSINESS**

**11. MR. QAISER AHMED SHEIKH,** Minister for Board of Investment, to move that the Bill further to amend the Special Economic Zones Act, 2012 [The Special Economic Zones (Amendment) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**12. MR. QAISER AHMED SHEIKH,** Minister for Board of Investment, to move that the Bill further to amend the Special Economic Zones Act, 2012 [The Special Economic Zones (Amendment) Bill, 2026], be passed.

**13. MINISTER-IN-CHARGE** of the Cabinet Secretariat, to move that the Bill further to amend the Standard Time (Interpretation of References) Ordinance, 1943 [The Standard Time (Interpretation of References) (Amendment) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**14. MINISTER-IN-CHARGE** of the Cabinet Secretariat, to move that the Bill further to amend the Standard Time (Interpretation of References) Ordinance, 1943 [The Standard Time (Interpretation of References) (Amendment) Bill, 2026], be passed.

**15. SENATOR MR. AHAD KHAN CHEEMA,** Minister for Economic Affairs and Establishment, to move that the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025], (Sections 3, 10A, 11A, 15 and 19) as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**16. SENATOR MR. AHAD KHAN CHEEMA,** Minister for Economic Affairs and Establishment, to move that the Bill further to amend the Civil Servants Act, 1973 [The Civil Servants (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**17. Consideration** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs, on 2nd April, 2026:-

"That the Bill to amend the National Institute of Folk and Traditional Heritage (*Lok Virsa*) Ordinance, 2002 [The National Institute of Folk and Traditional Heritage (*Lok Virsa*) (Amendment) Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once."

**[Amendments entered in a separate list to be moved]**

**18. MR. AURANGZEB KHAN KHICHI,** Minister for National Heritage and Culture, to move that the Bill to amend the National Institute of Folk and Traditional Heritage (*Lok Virsa*) Ordinance, 2002 [The National Institute of Folk and Traditional Heritage (*Lok Virsa*) (Amendment) Bill, 2025], be passed.

**19.** **MR. MUHAMMAD JUNAID ANWAAR CHAUDHRY,** Minister for Maritime Affairs, to move that the Bill to facilitate and implement Hong Kong International Convention for the Safe and Environmentally Sound Recycling of Ships, 2009, by effectively addressing environmental, occupational health and safety risks related to ship recycling, and to ensure hazardous waste from such ship recycling is subject to environmentally sound management in sustainable way [The Environmentally Sound Management of Inventory of Hazardous Material on Ships Bill, 2025], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**20.** **MR. MUHAMMAD JUNAID ANWAAR CHAUDHRY,** Minister for Maritime Affairs, to move that the Bill to facilitate and implement Hong Kong International Convention for the Safe and Environmentally Sound Recycling of Ships, 2009, by effectively addressing environmental, occupational health and safety risks related to ship recycling, and to ensure hazardous waste from such ship recycling is subject to environmentally sound management in sustainable way [The Environmentally Sound Management of Inventory of Hazardous Material on Ships Bill, 2025], be passed.

**21.** **MIAN RIAZ HUSSAIN PIRZADA,** Minister for Housing and Works, to move that the Bill to regulate the ownership and management of condominiums in Islamabad Capital Territory [The Islamabad Capital Territory Condominium (Ownership and Management) Bill, 2026], as reported by the Standing Committee, be taken into consideration at once.

**[Amendments entered in a separate list to be moved]**

**22.** **MIAN RIAZ HUSSAIN PIRZADA,** Minister for Housing and Works, to move that the Bill to regulate the ownership and management of condominiums in Islamabad Capital Territory [The Islamabad Capital Territory Condominium (Ownership and Management) Bill, 2026], be passed.

## PAPERS TO BE LAID BEFORE THE NATIONAL ASSEMBLY

**23.** **SENATOR MR. MUHAMMAD AURANGZEB,** Minister for Finance and Revenue, to lay before National Assembly the Mid-year Budget Review Report for the year, 2025-26, under sub-section (1) of section 34 of the Public Finance Management Act, 2019.

## MOTION OF THANKS

**24.** **Discussion** on the following motion moved by **DR. TARIQ FAZAL CHAUDHARY,** Minister for Parliamentary Affairs, on 30th March, 2026:-

> "This House expresses its deep gratitude to the President of the Islamic Republic of Pakistan for his address to both the Houses assembled together on 2nd March, 2026."

## MATTERS OTHER THAN POINTS OF ORDER

**25.** Raising matters under Rule 18 which are not Points of Order.

## CALLING ATTENTION NOTICE

**26.** **MS. NAEEMA KISHWER KHAN** to invite attention of the Minister for Federal Education and Professional Training, to a matter of urgent public importance regarding the issues being faced by the Madarassas in Balochistan, causing grave concern amongst the public.

**Islamabad, the**
**10th May, 2026**

**SAEED AHMAD MAITLA**
**Acting Secretary**

# قومی اسمبلی سیکرٹریٹ

## نظام کار

### برائے اجلاس قومی اسمبلی جو پیر، ۱۱ مئی، ۲۰۲۶ء شام پانچ بجے منعقد ہو گا۔

۱۔ تلاوت، حدیث، نعت اور قومی ترانہ۔

## سوالات

۲۔ علیحدہ فہرست میں درج سوالات دریافت کیے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۳۔ **جناب ابرار احمد** **جناب انجم عقیل خان** **ملک شاکر بشیر اعوان** وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گے جو ملک بھر میں سکول نہ جانے والے ۲ کروڑ ۶۰ لاکھ بچوں سے متعلق ہے۔

## قائمہ کمیٹیوں کی رپورٹوں کا پیش کرنا

۴۔ **سید نوید قمر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل تحریک پیش کریں گے کہ خالص منافع کے حصول کے حقوق اور ضمانتی انتظامات کے اطلاق کے لیے احکام وضع کرنے کے بل [خالص منافع کے حصول کے مالیاتی انتظامات کا بل، ۲۰۲۶ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۵۔ **سید نوید قمر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل، خالص منافع کے حصول کے حقوق اور ضمانتی انتظامات کے اطلاق کے لیے احکام وضع کرنے کے بل [خالص منافع کے حصول کے مالیاتی انتظامات کا بل، ۲۰۲۶ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۶۔ **سید نوید قمر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل تحریک پیش کریں گے کہ برآمد۔درآمد بینک پاکستان ایکٹ، ۲۰۲۲ء میں ترمیم کرنے کے بل [برآمد۔درآمد بینک پاکستان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کرنے میں آج تک کی تاخیر سے صرف نظر کی جائے۔

۷۔ **سید نوید قمر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل، برآمد۔درآمد بینک پاکستان ایکٹ، ۲۰۲۲ء میں ترمیم کرنے کے بل [برآمد۔درآمد بینک پاکستان (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۸۔ **سید نوید قمر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل، مالیاتی ذمہ داری و تحدید قرضہ ایکٹ، ۲۰۰۵ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [مالیاتی ذمہ داری و تحدید قرضہ (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

۹۔ **سید نوید قمر**، چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے خزانہ و محاصل، خصوصی اقتصادی زونز ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں مزید ترمیم کرنے کے بل [خصوصی اقتصادی زونز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] پر قائمہ کمیٹی کی رپورٹ پیش کریں گے۔

## تحریک

۱۰۔ **جناب قیصر احمد شیخ**، وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ، قومی اسمبلی میں کارروائی اور طریق کار کے قواعد، ۲۰۰۷ء کے قاعدہ ۲۸۸ کے تحت تحریک پیش کریں گے کہ خصوصی اقتصادی زونز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء کو زیر غور لانے کے لئے مذکورہ قواعد کے قاعدہ ۱۲۳ کے ذیلی قاعدہ (۲) کی مقتضیات معطل کی جائیں۔

## قانون سازی

۱۱۔ **جناب قیصر احمد شیخ**، وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ تحریک پیش کریں گے کہ خصوصی اقتصادی زونز ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [خصوصی اقتصادی زونز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۲۔ **جناب قیصر احمد شیخ**، وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ تحریک پیش کریں گے کہ خصوصی اقتصادی زونز ایکٹ، ۲۰۱۲ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [خصوصی اقتصادی زونز (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] منظور کیا جائے۔

۱۳۔ **وزیر انچارج** برائے کابینہ سیکرٹریٹ تحریک پیش کریں گے کہ معیاری وقت (تشریح حوالہ جات) آرڈیننس، ۱۹۴۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [معیاری وقت (تشریح حوالہ جات) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۴۔ **وزیر انچارج** برائے کابینہ سیکرٹریٹ تحریک پیش کریں گے کہ معیاری وقت (تشریح حوالہ جات) آرڈیننس، ۱۹۴۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [معیاری وقت (تشریح حوالہ جات) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۶ء] منظور کیا جائے۔

۱۵۔ **سینیٹر جناب احد خان چیمہ**، وزیر برائے اقتصادی امور و عملہ تحریک پیش کریں گے کہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] (دفعات ۳، ۱۰/الف، ۱۱/الف، ۱۵/اور ۱۹) قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۱۶۔ **سینیٹر جناب احد خان چیمہ**، وزیر برائے اقتصادی امور و عملہ تحریک پیش کریں گے کہ سول ملازمین ایکٹ، ۱۹۷۳ء میں مزید ترمیم کرنے کا بل [سول ملازمین (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۱۷۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۲/اپریل، ۲۰۲۶ء کو پیش کردہ حسب ذیل تحریک پر غور:۔

"کہ قومی ادارہ برائے عوامی و روایتی ورثہ (لوک ورثہ) آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں ترمیم کرنے کا بل [قومی ادارہ برائے عوامی و روایتی ورثہ (لوک ورثہ) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔"

**[علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی]**

۱۸۔ **جناب اورنگزیب خان کھچی**، وزیر برائے قومی ورثہ و ثقافت تحریک پیش کریں گے کہ قومی ادارہ برائے عوامی و روایتی ورثہ (لوک ورثہ) آرڈیننس، ۲۰۰۲ء میں ترمیم کرنے کا بل [قومی ادارہ برائے عوامی و روایتی ورثہ (لوک ورثہ) (ترمیمی) بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۱۹۔ **جناب محمد جنید انوار چوہدری**، وزیر برائے بحری امور تحریک پیش کریں گے کہ بحری جہازوں کی ری سائیکلنگ سے متعلق ماحولیاتی، پیشہ وارانہ صحت اور حفاظتی خطرات سے مؤثر طور پر نمٹتے ہوئے بحری جہازوں کی محفوظ اور ماحول دوست ری سائیکلنگ کی بابت ہانگ کانگ بین الاقوامی معاہدہ، ۲۰۰۹ء کے لیے سہولت فراہم کرنے اور اس پر عملدرآمد کروانے نیز بحری جہازوں کی مذکورہ ری سائیکلنگ سے پیدا ہونے والے خطرناک فاضل مادوں کا ماحول دوست مستقل انتظام یقینی بنانے کا بل [بحری جہازوں کے خطرناک مواد کا ماحول دوست انتظام بل، ۲۰۲۵ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

۲۰۔ **جناب محمد جنید انوار چوہدری**، وزیر برائے بحری امور تحریک پیش کریں گے کہ بحری جہازوں کی ری سائیکلنگ سے متعلق ماحولیاتی، پیشہ وارانہ صحت اور حفاظتی خطرات سے مؤثر طور پر نمٹتے ہوئے بحری جہازوں کی محفوظ اور ماحول دوست ری سائیکلنگ کی بابت ہانگ کانگ بین الاقوامی معاہدہ، ۲۰۰۹ء کے لیے سہولت فراہم کرنے اور اس پر عملدرآمد کروانے نیز بحری جہازوں کی مذکورہ ری سائیکلنگ سے پیدا ہونے والے خطرناک فاضل مادوں کا ماحول دوست مستقل انتظام یقینی بنانے کا بل [بحری جہازوں کے خطرناک مواد کا ماحول دوست انتظام بل، ۲۰۲۵ء] منظور کیا جائے۔

۲۱۔ **میاں ریاض حسین پیرزادہ**، وزیر برائے مکانات و تعمیرات تحریک پیش کریں گے کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں کنڈومینیمز کی ملکیت اور انتظام کو منضبط کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کنڈومینیم (ملکیت و انتظام) بل، ۲۰۲۶ء] قائمہ کمیٹی کی رپورٹ کردہ صورت میں فی الفور زیر غور لایا جائے۔

**[علیحدہ فہرست میں درج ترامیم پیش کی جائیں گی]**

۲۲۔ **میاں ریاض حسین پیرزادہ**، وزیر برائے مکانات و تعمیرات تحریک پیش کریں گے کہ علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں کنڈومینیمز کی ملکیت اور انتظام کو منضبط کرنے کا بل [علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کنڈومینیم (ملکیت و انتظام) بل، ۲۰۲۶ء] منظور کیا جائے۔

## قومی اسمبلی کے سامنے رکھے جانے والے کاغذات

۲۳۔ **سینیٹر جناب محمد اورنگزیب**، وزیر برائے خزانہ و محاصل پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ، ۲۰۱۹ء کی دفعہ ۳۴ کی ذیلی دفعہ (۱) کے تحت وسط سالہ میزانیائی جائزہ رپورٹ برائے سال، ۲۶-۲۰۲۵ء قومی اسمبلی کے سامنے رکھیں گے۔

## تحریک تشکر

۲۴۔ **ڈاکٹر طارق فضل چوہدری**، وزیر برائے پارلیمانی امور کی جانب سے ۳۰ مارچ، ۲۰۲۶ء کو پیش کردہ درج ذیل تحریک پر بحث:۔

"یہ ایوان ۲ مارچ، ۲۰۲۶ء کو یکجا دونوں ایوانوں کے اجلاس سے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان کے خطاب پر ان سے اپنے گہرے تشکر کا اظہار کرتا ہے۔"

## نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات

۲۵۔ قاعدہ ۱۸ کے تحت نکتہ ہائے اعتراض کے علاوہ معاملات کا اٹھانا۔

## توجہ دلاؤ نوٹس

۲۶۔ **محترمہ نعیمہ کشور خان** وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی توجہ عوام میں گہری تشویش کا باعث بننے والے فوری عوامی اہمیت کے معاملہ کی جانب دلائیں گی جو بلوچستان میں مدارس کو درپیش مسائل سے متعلق ہے۔

**اسلام آباد،**
**۱۰ مئی، ۲۰۲۶ء**

**سعید احمد میتلا**
**قائم مقام سیکرٹری**